07/01/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

نجی ٹیوب ویل کنکشنوں کے بجلی بلوں میں 50 فیصد کی کمی پر وزیراعلیٰ کا وزیر توانائی سے کیا خیر مقدم

لکھنؤ: ۷/ جنوری ۲۰۲۲ء-

ریاست کے وزیر توانائی اور اضافی توانائی ذرائع جناب شریکانت شرما نے وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے عزم کہ کاشتکاروں کی آمدنی دوگنا کرنے کی سمت میں نجی ٹیوب ویل کنکشنوں کی بجلی شرحوں میں 50 فیصد کی کمی کر بڑی راحت دینے کیلئے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کا تہہ دل سے خیر مقدم کیا ہے۔

جناب شرما نے کہا کہ نجی ٹیوب ویل کے نئے بلوں میں میٹرڈ کنکشن میں بجلی شرح دو روپئے فی یونٹ سے کم ہوکر ایک روپئے فی یونٹ اور فِکس چارج 70 روپئے فی ہارس پاور سے کم ہوکر 35 روپئے فی ہارس پاور ہوگا۔ غیر میٹر کنکشن میں فِکس چارج 170 روپئے/ ہارس پاور کی جگہ 85 روپئے/ ہارس پاور ہوگا۔

وزیر توانائی نے کہا کہ شہری میٹرڈ کنکشن میں بجلی شرح چھ روپئے/ یونٹ سے کم ہوکر تین روپئے/ یونٹ اور فکس چارج 130 روپئے/ ہارس پاور سے کم ہوکر 65 روپئے/ ہارس پاور ہوگا۔ ایزجی ایفی شیئنٹ پمپ (energy efficient) میں بجلی شرح 1.65 روپئے /یونٹ سے کم ہوکر 83 پیسہ/ یونٹ اور فکس چارج 73 روپئے/ہارس پاور کی جگہ 35 روپئے/ ہارس پاور لیا جائیگا۔

☆☆☆☆☆